# UNIVERSITY OF HEALTH SCIENCES LAHORE

## Specialized Healthcare and Medical Education Department



# ADMISSIONS

## Post R.N. BSc Nursing (Two-Year Degree Programme)
## Public Sector Nursing Colleges of Punjab
## Academic Session 2025–2026

In pursuance of the Admission Policy notified by the Specialized Healthcare and Medical Education (SHC&ME) Department, Government of the Punjab, vide notification dated **18 December 2025**, the University of Health Sciences, Lahore, in its capacity as the Admitting University, hereby invites online applications from eligible candidates for admission to the Post R.N. BSc Nursing (Two-Year) Degree Programme for the Academic Session 2025–2026 in the following public sector Nursing Colleges of the Province of Punjab:

| S.# | Name of Institution | No. of Seats |
|---|---|---|
| 1. | Postgraduate College of Nursing, Punjab, Lahore | 100 |
| 2. | College of Nursing Allama Iqbal Medical College/ Jinnah Hospital, Lahore | 50 |
| 3. | College of Nursing Holy Family Hospital, Rawalpindi | 50 |
| 4. | College of Nursing, Nishter Hospital, Multan | 50 |
| 5. | College of Nursing Sir Ganga Ram Hospital Lahore | 50 |
| 6. | College of Nursing, DHQ Hospital, Muzaffargarh | 20 |
| 7. | College of Nursing, Allama Iqbal Memorial Teaching Hospital, Sialkot | 50 |
| 8. | College of Nursing, King Edward Medical University Mayo Hospital Lahore | 50 |
| 9. | College of Nursing, Sheikh Zayed Hospital Rahim Yar Khan | 30 |
| 10. | College of Nursing, Allama Iqbal Hospital, Dera Ghazi Khan | 50 |
| 11. | College of Nursing, QAMC, B.V. Hospital Bahawalpur | 50 |
| | **Total** | **550** |

**Note:** Gender Ratio: Female: 50 and Male: 50. However, if 50% male seats are not occupied on merit, the remaining vacant seats will be distributed to female candidates.

### ELIGIBILITY CRITERIA

An applicant shall be eligible subject to fulfillment of the following conditions:

i. Diploma in General Nursing with at least 60% marks, duly registered with the Pakistan Nursing and Midwifery Council (PNMC), Islamabad.

ii. In addition to clause (i):
   a) For female applicants: Diploma in Midwifery with at least 60% marks, duly registered with PNMC; or
   b) For male applicants: One-year Post-Basic Specialty Diploma with at least 60% marks, duly registered with PNMC, in lieu of Midwifery.

iii. A minimum of two (02) years of regular Government service, to be calculated up to the last date of application.

iv. No availing of any diploma or degree training in the public or private sector during the three (03) years immediately preceding the last date of application.

v. No pending or ongoing disciplinary proceedings.

vi. Adhoc or contract employees are not eligible.

vii. At least 40% marks in the UHS Entry Test for Post R.N. admissions.

viii. Medical Fitness Certificate issued by a certified public-sector medical institution.

ix. Maximum age: fifty-five (55) years, to be calculated as on the last date of application. No age relaxation beyond fifty-five (55) years shall be admissible in any case.

x. Domicile of any district of the Province of Punjab.

### MERIT DETERMINATION

**Total Marks:100**

| Scoring Parameter | Total Marks |
|---|---|
| Aggregate marks in General Nursing & Midwifery (for females) **OR** Aggregate marks in General Nursing & One-year Specialization in lieu of Midwifery. (for males). (Marks Obtained / Total Marks x 100 | **50** |
| Marks for extra professional qualification i.e. One-year Specialization. | **2** |
| Marks for Regular Government Service Experience (01 mark per year, maximum 8 marks). | **8** |
| Marks of Entry Test (Marks Obtained / Total Marks x 100) | **40** |

### APPLICATION PROCEDURE

1. Applications shall be submitted exclusively through the centralized online admission portal at **admissions.uhs.edu.pk/post-rn**.
2. Applicants seeking admission to public sector nursing colleges shall apply through their respective institutions and must obtain a No Objection Certificate (NOC). Submission of a valid NOC shall be mandatory for completion of the application.
3. Applicants shall be required to select and submit an Order of Preference for all above referred nursing colleges. All colleges must be selected in the desired order. The application may be edited up to the closing date; however, the number and order of preferences shall become final upon expiry of the last date for online submission. Any college not selected shall not be considered for admission.
4. Scanned copies of all required documents shall be uploaded with the online application, including but not limited to: CNIC (front and back), domicile, Matriculation and F.Sc certificates or result cards, relevant diplomas, NOC, and experience certificates.
5. An application processing fee of **Rs. 2,000/-** (non-refundable) shall be payable. The fee voucher shall be generated through the online portal and payment shall be made through the Bank of Punjab (BOP) or National Bank of Pakistan (NBP) via branch banking or 1Bill (top-up option excluded). Proof of payment shall be uploaded with the application.
6. Applications submitted by post or by hand shall not be entertained.
7. Only complete online applications, duly submitted with all required documents and payment of the prescribed fee, shall be processed.

### ADMISSION & JOINING PROCEDURE

1. Admission shall remain provisional and shall be confirmed only upon strict adherence to the prescribed timelines. A candidate selected on merit who fails to give online consent and deposit the prescribed tuition fee of **Rs. 20,000/-** within the stipulated period shall forfeit the admission, and the resultant vacant seat shall be offered to the next candidate on merit.
2. Selected candidates shall download the tuition fee challan from the online portal and deposit the fee at the Bank of Punjab (BOP) or National Bank of Pakistan (NBP) through branch banking or 1Bill. The top-up option shall not be used.
3. Candidates shall record their joining and submit online consent through the UHS portal, opting either to:
   a) retain the allotted seat; or
   b) seek up-gradation in accordance with merit and order of preference in subsequent selection lists.
4. Consent once submitted shall be final and shall not be altered retrospectively.
5. Final orders of selected candidates shall be issued by the Specialized Healthcare and Medical Education Department.
6. Admission shall be confirmed by the Principal concerned upon verification of the requisite academic credentials and experience certificates.

### ADMISSION SCHEDULE

| Description | Schedule |
|---|---|
| Online Application Start Date | 12.01.2026 (From 9:00 AM) |
| Online Application Closing Date | 23.01.2026 (By 5:00 PM) |
| Download Admittance Card for UHS webiste | From 27.01.2026 |
| **Post R.N. Entry Test** | **01.02.2026 (10:00 AM to 12:00 PM)** |
| Provisional Order of Merit | 06.02.2026 |
| Final Order of Merit | 10.02.2026 |
| First Selection List | 13.02.2026 |
| 2nd Selection List | 20.02.2026 |
| 3rd Selection List | 27.02.2026 |

### IMPORTANT PROVISIONS

1. Admissions shall be made strictly on merit-cum-preference in accordance with the Admission Policy of the Government of the Punjab dated **18 December 2025**.
2. All merit and selection lists shall be displayed on the official website of the University of Health Sciences.
3. If, at any stage, any misrepresentation, false or fabricated information, violation of policy, or attempt to secure admission through unfair means is detected, the admission shall be cancelled forthwith. Upon cancellation or termination, the student shall be debarred from admission to any programme for three (03) years and shall be liable to refund the entire amount or salary received during the programme.
4. No student shall withdraw from or discontinue the Post-RN Degree Programme prior to completion. In case of discontinuation or abandonment, the student shall be debarred from admission for one (01) year, the refundable security deposit shall stand forfeited, and the student shall be liable to refund the entire amount or salary received during the training period.
5. Upon completion of the degree programme, the student nurse shall be bound to serve in the public sector for a period of three (03) years and shall not apply for extraordinary or study leave during this period. An undertaking to this effect shall be furnished at the time of joining to both the institution and the department concerned.

**Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore**
**Vice Chancellor**

University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph #: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk

Ad Size: 54x4

# یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

## محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن



### پنجاب کے سرکاری نرسنگ کالجز میں

# داخلہ برائے

## پوسٹ آر این بی ایس سی نرسنگ (دوسالہ ڈگری پروگرام) تعلیمی سیشن 2025-2026

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن حکومتِ پنجاب کی جانب سے مورخہ **18 دسمبر 2025** کو جاری کردہ داخلہ پالیسی کے مطابق یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور کو بحیثیت ایڈمیٹنگ یونیورسٹی کے درج ذیل سرکاری نرسنگ کالجز میں پوسٹ آر این بی ایس سی نرسنگ (دوسالہ) ڈگری پروگرام، تعلیمی سیشن 2025–2026، میں داخلہ کے لیے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں:

| نمبر شمار | نرسنگ کالج کا نام | سیٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1. | پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ، پنجاب، لاہور | 100 |
| 2. | کالج آف نرسنگ، علامہ اقبال میڈیکل کالج/ جناح ہسپتال، لاہور | 50 |
| 3. | کالج آف نرسنگ، ہولی فیملی ہسپتال، راولپنڈی | 50 |
| 4. | کالج آف نرسنگ، نشتر ہسپتال، ملتان | 50 |
| 5. | کالج آف نرسنگ، سرگنگارام ہسپتال، لاہور | 50 |
| 6. | کالج آف نرسنگ، ڈی ایچ کیو ہسپتال، مظفر گڑھ | 20 |
| 7. | کالج آف نرسنگ، علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال، سیالکوٹ | 50 |
| 8. | کالج آف نرسنگ، کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی/ میو ہسپتال، لاہور | 50 |
| 9. | کالج آف نرسنگ، شیخ زاید ہسپتال، رحیم یار خان | 30 |
| 10. | کالج آف نرسنگ، علامہ اقبال ہسپتال، ڈیرہ غازی خان | 50 |
| 11. | کالج آف نرسنگ، قائداعظم میڈیکل کالج/ بہاول وکٹوریہ ہسپتال، بہاولپور | 50 |
| | **ٹوٹل** | **550** |

نوٹ: خواتین اور مردوں کیلئے سیٹوں کا تناسب 50/50 ہے۔ تاہم اگر مرد امیدواروں کے لیے مختص 50 فیصد نشستیں میرٹ پر پُر نہ ہوسکیں تو باقی ماندہ خالی سیٹوں پر خواتین امیدواروں کو داخلہ دیا جائے گا۔

### اہلیت کا معیار

درخواست گزار مندرجہ ذیل شرائط پوری کرنے کی صورت میں اہل تصور ہوگا:

(i) جنرل نرسنگ میں کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ ڈپلومہ، جو پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل (PNMC) اسلام آباد میں باقاعدہ طور پر رجسٹرڈ ہو۔

(ii) شق (i) کے علاوہ:

a) خواتین امیدواروں کے لیے کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ مڈوائفری کا ڈپلومہ جو PNMC میں رجسٹرڈ ہو؛ یا

b) مرد امیدواروں کے لیے مڈوائفری کے متبادل کے طور پر کم از کم 60 فیصد نمبروں کے ساتھ ایک سالہ پوسٹ بیسک سپیشلٹی ڈپلومہ جو PNMC میں رجسٹرڈ ہو۔

(iii) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تک کم از کم دو (02) سال کی باقاعدہ سرکاری ملازمت کا ہونا لازم ہے۔

(iv) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل مسلسل تین (03) برس کے دوران سرکاری یا نجی شعبے میں کسی ڈپلومہ یا ڈگری پروگرام میں داخلہ یا تربیت حاصل نہ کی ہو۔

(v) امیدوار کے خلاف کوئی انضباطی کارروائی زیرِ التوا یا جاری نہ ہو۔

(vi) ایڈہاک یا کنٹریکٹ بنیادوں پر کام کرنے والے امیدوار اہل نہیں ہوں گے۔

(vii) پوسٹ آر این داخلہ کے لیے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے انٹری ٹیسٹ میں کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کرنا لازمی ہے۔

(viii) کسی مستند سرکاری طبی ادارے سے جاری کردہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

(xi) امیدوار کی زیادہ سے زیادہ عمر پچپن (55) سال ہوگی، جس کا تعین درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کے مطابق کیا جائے گا۔ پچپن (55) سال سے زائد عمر میں کسی قسم کی رعایت نہیں دی جائے گی۔

(x) امیدوار کا صوبہ پنجاب کے کسی بھی ضلع کا ڈومیسائل ہونا لازمی ہے۔

### میرٹ کے تعین کا طریق کار

میرٹ کا تعین درج ذیل سکورنگ پیرامیٹرز کے مطابق کیا جائے گا: **کل نمبر: 100**

| سکورنگ پیرامیٹر | مختص نمبر |
|---|---|
| جنرل نرسنگ اور مڈوائفری کے مجموعی نمبر (خواتین کے لیے) یا جنرل نرسنگ اور مڈوائفری کے متبادل ایک سالہ سپیشلائزیشن کے مجموعی نمبر (مردوں کے لیے) (حاصل کردہ نمبر ÷ کل نمبر × 100) | 50 |
| اضافی پیشہ ورانہ اہلیت کے نمبر یعنی ایک سالہ سپیشلائزیشن | 2 |
| باقاعدہ سرکاری ملازمت کے تجربے کے نمبر (ہر مکمل سال کے لیے 01 نمبر، زیادہ سے زیادہ 08 نمبر) | 8 |
| انٹری ٹیسٹ کے نمبر (حاصل کردہ نمبر ÷ کل نمبر × 100) | 40 |

### طریق کار برائے درخواست

(i) درخواستیں صرف مرکزی آن لائن داخلہ پورٹل **admissions.uhs.edu.pk/post-rn** کے ذریعے جمع کرائی جائیں گی۔

(ii) سرکاری شعبے کے نرسنگ کالجز میں داخلہ کے خواہش مند امیدوار اپنی متعلقہ ادارہ کے ذریعے درخواست دیں گے اور عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (NOC) حاصل کرنا لازم ہوگا۔ درست اور مؤثر NOC کی فراہمی درخواست کی تکمیل کے لیے لازمی شرط ہوگی۔

(iii) امیدوار کو مذکورہ تمام نرسنگ کالجز کے لیے ترجیحی ترتیب (Order of Preference) منتخب کر کے آن لائن جمع کرانا ہوگی۔ تمام کالجز کو مطلوبہ ترتیب کے مطابق منتخب کرنا ضروری ہے۔ درخواست آخری تاریخ تک قابل ترمیم ہوگی تاہم آن لائن جمع کرانے کی آخری تاریخ کے بعد ترجیحات کی تعداد اور ترتیب حتمی تصور کی جائے گی۔ کسی کالج کا انتخاب نہ کرنے کی صورت میں اس کالج کو داخلہ کے لیے زیرِ غور نہیں لایا جائے گا۔

(iv) آن لائن درخواست کے ساتھ تمام مطلوبہ دستاویزات کی سکین شدہ نقول اپ لوڈ کرنا ہوں گی، جن میں بالخصوص قومی شناختی کارڈ (سامنے اور پچھلا حصہ)، ڈومیسائل، میٹرک اور ایف ایس سی کے اسناد یا رزلٹ کارڈز، متعلقہ ڈپلومہ جات، NOC اور تجربہ سرٹیفکیٹس شامل ہیں۔

(v) درخواست کی پروسیسنگ فیس مبلغ **-/2,000** روپے (ناقابلِ واپسی) واجب الادا ہوگی۔ فیس واؤچر آن لائن پورٹل کے ذریعے تیار کیا جائے گا اور ادائیگی بینک آف پنجاب (BOP) یا نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) میں برانچ بینکنگ یا 1Bill کے ذریعے کی جائے گی۔ ٹاپ اپ آپشن استعمال نہ کیا جائے۔ ادائیگی کا ثبوت آن لائن درخواست کے ساتھ اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔

(vi) بذریعہ ڈاک یا بذریعہ ہاتھ جمع کرائی گئی درخواستیں قابلِ قبول نہیں ہوں گی۔

(vii) صرف وہی آن لائن درخواستیں زیرِ غور لائی جائیں گی جو مقررہ فیس کی ادائیگی اور تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ مکمل طور پر جمع کرائی گئی ہوں۔

### داخلہ اور جوائننگ کا طریق کار

(i) داخلہ عارضی ہوگا اور مقررہ ٹائم لائنز کی مکمل پابندی سے مشروط رہے گا۔ میرٹ پر منتخب امیدوار اگر مقررہ مدت کے اندر آن لائن رضامندی ظاہر کرنے اور مقررہ ٹیوشن فیس مبلغ **-/20,000** روپے جمع کرانے میں ناکام رہا تو اس کا داخلہ منسوخ تصور ہوگا اور خالی ہونے والی نشست میرٹ پر اگلے امیدوار کو پیش کر دی جائے گی۔

(ii) منتخب امیدوار آن لائن پورٹل سے ٹیوشن فیس کا چالان ڈاؤن لوڈ کریں گے اور فیس بینک آف پنجاب (BOP) یا نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) میں برانچ بینکنگ یا 1Bill کے ذریعے جمع کرائیں گے۔ ٹاپ اپ آپشن استعمال نہ کیا جائے۔

(iii) امیدوار UHS پورٹل کے ذریعے اپنی جوائننگ ریکارڈ کریں گے اور آن لائن رضامندی (Consent) درج کریں گے جس میں وہ درج ذیل میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں گے:

a) الاٹ کی گئی نشست برقرار رکھنا؛ یا

b) میرٹ اور ترجیحی ترتیب کے مطابق اگلی سلیکشن لسٹوں میں اپ گریڈیشن کے خواہش مند ہونا۔

(iv) ایک مرتبہ دی گئی رضامندی حتمی ہوگی اور بعد ازاں اس میں کوئی تبدیلی قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

(v) منتخب امیدواروں کے حتمی آرڈر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن جاری کرے گا۔

(vi) متعلقہ پرنسپل تعلیمی اسناد اور تجربہ سرٹیفکیٹس کی تصدیق کے بعد داخلہ کی توثیق کرے گا۔

### ایڈمیشن شیڈول

| | |
|---|---|
| آن لائن درخواستوں کا آغاز | 12.01.2026 (From 9:00 AM) |
| آن لائن درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ | 23.01.2026 (By 5:00 PM) |
| یو ایچ ایس ویب سائٹ سے ایڈمٹنس کارڈ ڈاؤن لوڈ کرنا | From 27.01.2026 |
| **پوسٹ آر این انٹری ٹیسٹ** | **01.02.2026 (10:00 AM to 12:00 PM)** |
| عبوری میرٹ آرڈر | 06.02.2026 |
| حتمی میرٹ آرڈر | 10.02.2026 |
| پہلی سلیکشن لسٹ | 13.02.2026 |
| دوسری سلیکشن لسٹ | 20.02.2026 |
| تیسری سلیکشن لسٹ | 27.02.2026 |

### اہم دفعات

(i) داخلے حکومتِ پنجاب کی مورخہ **18 دسمبر 2025** کی داخلہ پالیسی کے مطابق سختی سے میرٹ اور ترجیحی ترتیب (merit-cum-preference) کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔

(ii) تمام میرٹ اور سلیکشن فہرستیں یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری کی جائیں گی۔

(iii) اگر کسی بھی مرحلہ پر غلط بیانی، جھوٹی یا جعلی معلومات، پالیسی کی خلاف ورزی، یا ناجائز ذرائع سے داخلہ حاصل کرنے کی کوشش ثابت ہو جائے تو داخلہ فوری طور پر منسوخ کر دیا جائے گا۔ داخلہ کی منسوخی یا پروگرام سے اخراج کی صورت میں طالب علم کو تین (03) سال کے لیے کسی بھی پروگرام میں داخلہ سے نااہل قرار دیا جائے گا اور دورانِ پروگرام وصول کی گئی تمام رقوم یا تنخواہ واپس کرنے کا پابند ہوگا۔

(iv) کوئی بھی طالب علم پوسٹ آر این ڈگری پروگرام کی تکمیل سے قبل پروگرام چھوڑنے یا دستبردار ہونے کا مجاز نہیں ہوگا۔ پروگرام چھوڑنے یا ترک کرنے کی صورت میں طالب علم ایک (01) سال کے لیے داخلہ سے نااہل ہوگا، قابلِ واپسی سکیورٹی رقم ضبط ہو جائے گی، اور تربیتی مدت کے دوران وصول کی گئی تمام رقوم یا تنخواہ واپس کرنا لازم ہوگا۔

(v) ڈگری پروگرام کی تکمیل کے بعد طالب علم نرس تین (03) سال کی مدت کے لیے سرکاری شعبے میں خدمات انجام دینے کا پابند ہوگا اور اس مدت کے دوران غیر معمولی یا تعلیمی رخصت کے لیے درخواست دینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ اس ضمن میں ایک تحریری حلف نامہ جوائننگ کے وقت متعلقہ ادارہ اور محکمہ کو جمع کرانا لازم ہوگا۔


**پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور**
وائس چانسلر

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، خیابان جامعہ پنجاب، لاہور-54600
فون: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial | /uhs.lhrofficial | /uhslhrofficial | /uhslhrofficial | www.uhs.edu.pk


Ad Size: 54x4